نیوز ریلیز

محفوظ مقامات پر کمزور خواتین کیلئے مزید جگھیں

19 مارچ، 2024ء میڈیا انکوائریز

البرٹا کی حکومت خواتین کی پناہ گاہوں کو مستحکم بنانے اور مزید بستروں کیلئے فنڈ فراہم کرنے کیلئے چار سالوں میں 10 ملین ڈالر کی اضافی رقم فراہم کرنے کے اپنے وعدے پر عمل پیرا ہے۔

ہر سال، ہزاروں خواتین جنہیں خاندانی تشدّد اور بدسلوکی کا سامنا ہوتا ہے خواتین کی پناہ گاہوں سے مدد طلب کرتی ہیں۔ یہ پناگاہیں محفوظ، مددگار ماحول اور دقیقہ شناس معاونتیں فراہم کرکے بچ نکلنے والیوں کو ان کی زندگیوں کے کچھ تاریک ترین حالات پر قابو پانے میں مدد دیتی ہیں، لیکن انہیں گنجائش کی مشکلات اور خدمات کی بڑھتی ہوئی مانگ کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

البرٹا کی حکومت کو خواتین کی پناہ گاہوں کی مدد کرنے پر اور البرٹنز کو محفوظ رکھنے کیلئے جو قیمتی کام وہ کرتی ہیں اس پر فخر ہے۔ اس وقت، صوبے بھر میں 17 کمیونٹیز میں خواتین کی پناہ گاہوں میں 5 ملین ڈالر تقسیم کئے جا رہے ہیں تاکہ تشدّد سے بھاگ نکلنے والوں کیلئے اضافی جگھیں پیدا کی جا سکیں۔ اگر منظور ہوگیا، تو بجٹ 2024ء میں اگلے تین سالوں کے دوران البرٹا، خواتین کی پناہ گاہوں کیلئے سالانہ فنڈنگ میں 5 ملین ڈالر کا اضافہ کرے گا۔

"کمزور خواتین اور بچوں کے پاس پناہ کیلئے ہمیشہ محفوظ جگہ ہونی چاہئے۔ خواتین کی پناہ گاہوں کیلئے اپنے انتخابی وعدے پر عمل کرکے، ہماری حکومت البرٹا کے مزید خاندانوں کو محفوظ رکھنے میں مدد کر رہی ہے، اور بچ نکلنے والوں کی بحالی کے سفر کو بااختیار بنا رہی ہے۔"

سیئرل ٹرٹن (Searle Turton)، وزیر برائے چلڈرن اینڈ فیملی سروسز

"البرٹا کی حکومت ایک میڈ اِن البرٹا ایکشن پلان تشکیل دینے کیلئے بڑے پیمانے پر مصروفِ عمل ہے جو بچ نکلنے والوں کی مدد کرتا ہے اور صنفی بنیاد پر تشدّد کی بنیادی وجوہات پر توجہ دیتا ہے۔ یہ فنڈنگ صوبے بھر میں خواتین کی پناہ گاہوں میں تشدّد سے فرار حاصل کرنے والی خواتین اور لڑکیوں کی ضروریات کو پورا کرنے، اور مضبوط کمیونٹیز کی تعمیر کرنے میں مدد دینے کو جاری رکھے گی۔"

تانیا فر (Tanya Fir)، آرٹس، کلچر، اور خواتین کے اسٹیٹس کی وزیر

البرٹا کی حکومت چار سالوں میں پورے 10 ملین ڈالر دے رہی ہے، 2023ء-24ء میں 5 ملین ڈالر، 2024ء-25ء میں 1.5ملین ڈالر، 2025ء-26ء میں اضافی 1.5 ملین ڈالر، اور 2026ء-27ء میں 2 ملین ڈالر۔ یہ سرمایہ کاری صوبے بھر کی پناہ گاہوں میں 104 اضافی

بستروں کیلئے فنڈنگ کر رہی ہے، جس میں وہائٹ کورٹ (Whitecourt) میں دستیاب بستروں کی تعداد کو دوگنا کرنا اور بینف وائی ڈبلیو سی اے (Banff YWCA) اور ایلینز پلیس (Eileen's Place) میں نئے بستروں کا اضافہ شامل ہے۔

اس کے علاوہ، فنڈنگ دیہی علاقوں میں زیادہ مانگ کو پورا کرنے میں مدد کیلئے اختراعی پروگراموں کو سپورٹ کرے گی۔ دیہی پناہ گاہوں کیلئے امداد کو بڑھانے کے حل میں روون ہاؤس سوسائٹی کے ہائی ریور (High River) میں اپنی ہی نوعیت کے نئے پروگرام کیلئے 350,000 ڈالر شامل ہیں، جو خواتین کو گھریلو تشدّد کا سامنا کرتے ہوئے اپنی چوائسز پر ایجنسی رکھنے کا اختیار دیتا ہے، اور ساتھ کاکرین (Cochrane) میں بِگ ہل ہیون کیلئے 275,000 ڈالر، جس میں کوئی جسمانی پناہ گاہ نہیں ہے اور وہ یونٹ کرایہ پر لیتے ہیں، اسلئے بدسلوکی سے بھاگ نکلنے والوں کے پاس رہنے کیلئے مقامی جگہ ہے۔

آخرکار، البرٹا کی حکومت 2024ء-25ء میں خواتین کی پناہ گاہوں کے معاہدوں میں طویل عرصے سے درخواست کردہ تبدیلیوں کو بھی شروع کر رہی ہے۔خواتین کی پناہ گاہیں فراہم کرنے والے اس بات میں لچک پیدا کرنے کیلئے کہہ رہے ہیں کہ فنڈنگ کو کیسے مختص کیا جائے جو ہر پناہ گاہ کے منفرد حالات کیلئے بہترین کام کرے اور جو بچ نکلنے والوں کی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کرنے میں ان کی مدد کرتا ہے۔ ان گرانٹ ایگریمینٹس میں تبدیلیاں 1 اپریل سے لاگو ہو جائیں گی۔

فوری حقائق

- حکومت خواتین کی پناہ گاہوں کیلیے سالانہ فنڈنگ میں 55.8 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہی ہے تاکہ افراد اور خاندان وہ مدد حاصل کر سکیں جس کی انہیں ضرورت ہے۔
- 2023ء/2024ء کیلئے، 3,500 سے زائد بالغ افراد اور 2,750 بچوں کو خواتین کی ایمرجینسی پناہ گاہوں میں داخل کیا گیا۔ کسی کو بھی مدد کی پیشکش کئے بغیر خواتین کی ایمرجینسی پناہ گاہوں سے منع نہیں کیا جاتا۔ تشدّد کا سامنا کرنے والی خواتین اور خاندانوں کیلئے مدد ہمیشہ دستیاب رہتی ہے۔

- فنڈنگ وصول کنندگان بینف، بروکس، کیلگری، کیمروز، کاکرین، کولڈ لیک، ایڈمنٹن، فیئرویو، فورٹ میک مرے، گرینڈ پریری، ہائی ریور، لائیڈ منسٹر، مورین وِل، راکی ماؤنٹین ہاؤس، شروڈ پارک، سینٹ پال اور وہائٹ کورٹ میں واقع ہیں۔

- البرٹنز فیملی وائلینس انفولائن 1818-310 پر کال کر کے یا ٹیکسٹ کر کے 24/7 مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ فون پر سپورٹ 170 سے زائد زبانوں میں پیش کی جاتی ہے، بمع تمام مقامی زبانیں جو کینیڈا میں بولی جاتی ہیں۔ ایک 24/7 خُفیہ ویب چیٹ انگریزی زبان میں آن لائن بھی دستیاب ہے۔

بجٹ 2024ء صحت کی نگہداشت اور تعلیم کو مضبوط بنانے، محفوظ اور معاون کمیونٹیوں کی تعمیر، صوبے کے وسائل کا دانشمندی سے انتظام و انتصرام اور البرٹا کے مسابقتی فائدے کو جاری و ساری رکھنے کیلئے ملازمتوں کی تخلیق کو فروغ دینے کا ایک ذمہ دارانہ منصوبہ ہے۔

متعلقہ خبریں

- پِیس ریور وومنز شیلٹر کیلئے پناہ گزین تدارک (27 فروری، 2024ء)

Classification: Public

متعلقہ معلومات

- خاندانی تشدّد
- خاندانی تشدّد – سپورٹ تلاش کریں
- پناہ گاہیں تلاش کریں
- 24/7 خُفیہ ویب چَیٹ

ملٹی میڈیا

- نیوزکانفرنس دیکھیں

میڈیا انکوائریز

ایشلی بیریٹ (Ashli Barrett)

587-545-8821
پریس سیکریٹری، چلڈرن اینڈفیملی سروسز